

بسم الله الرحمن الرحيم

عصر حاضر کا صنمِ اکبر: جمہوریت!!!

الحمد لله القوي المتين، والصلاة والسلام على من بعث بالسيف رحمة للعالمين، أما بعد!

بلاد ہند کے بیشتر ممالک میں الیکشنز یعنی انتخابات کی آمد آمد ہے، اور لوگوں کے مابین یہ تبادلۂ خیال جاری ہے کہ اس بار کس سیاسی پارٹی کو ووٹ دیے جانے چاہییں، یا ان کے بقول وہ دو خبیثوں میں سے نسبتاً کم خباثت والے کو خود پر مسلط کرنا چاہتے ہیں۔ ایک مسلمان کا اس حوالے سے کیا موقف ہونا چاہیے، اسے جاننے کیلئے ضروری ہے کہ اس نظام جمہوریت کے معنیٰ، اس کی شرعی حیثیت، اسکے نظریاتی پہلوؤں اور اسکی موجودہ عملی صورت کو سمجھا جائے۔

جمہوریت کا شرعی و اصطلاحی معنیٰ

جمہوریت کے شرعی معنیٰ کو جاننے کیلئے جب ہم تحقیق کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اس کیلئے عربی زبان میں بذات خود کوئی لفظ موجود ہی نہیں بلکہ اس نظام کا حوالہ دینے کیلئے عربی میں "الديمقراطية" کا لفظ استعمال ہوتا ہے جو یونانی زبان کے دو الفاظ "Demos" (عوام) اور "Kratia" (اقتدار) سے مشتق ہے۔ پھر قرآن و حدیث میں اس کے معنیٰ کو تلاش کرنے پر پتہ چلتا ہے کہ اس نظام کو بحیثیت نظام ذکر کرنے والی قرآنی آیت تو در کنار، کوئی موضوع حدیث تک نہیں ملتی، لیکن اس نظام کے مبادی اور نظریات سے متعلق متعدد آیات و احادیث موجود ہیں۔

جمہوریت چونکہ کوئی اسلامی نظریہ نہیں، اسلئے اسکا اصطلاحی مفہوم سمجھنے کیلئے ہمیں اسکے نقطۂ آغاز کی جانب لوٹنا ہوگا۔ یہ نظریہ یونانی فلسفے کی میراث سے لیا گیا ہے اور اسکا بنیادی مفہوم یہ ہے کہ ریاست میں طاقت کا سرچشمہ اور اقتدار اعلیٰ کی مالک خود اس ریاست کی عوام ہے۔

نظام جمہوریت کے بعض نظریاتی پہلو

اس نظام حکومت کو سمجھنے کیلئے اسکے نظریاتی پہلوؤں سے آگاہی حاصل کرنا ضروری ہے، ان میں سے بعض کا مختصر جائزہ لیتے ہیں۔

قوانین کی منظوری کا پیمانہ، اکثریت: اکثریت جمہوری نظام کا اساسی عنصر ہے۔ نظام جمہوریت میں کسی قانون کی منظوری کا دار و مدار اسے اکثریت کی حمایت حاصل ہونے پر ہوتا ہے۔ مثلاً اگر کسی زیر غور قانون کو سو میں سے اکاون ووٹ مل جائیں تو اسے قابل تنفیذ سمجھا جائے گا، چاہے وہ قانون بذات خود کتنا ہی غیر مذہبی، غیر اخلاقی، غیر منطقی اور نقصان دہ ہی کیوں نہ ہو۔

مذہب کی حکومت سے علیحدگی: نظام جمہوریت کی اسکے وارثوں اور علمبرداروں یعنی مغرب نے اس صورت میں عملی تفسیر کی ہے جسے انکے ایک پروفیسر Loren J. Samons II نے اپنی تصنیف Modern America and The Religion of Democracy میں ان الفاظ میں بیان کیا ہے: "Separation of Church and State" (گرجے کی ریاست سے علیحدگی)۔ بالفاظ دیگر یہ کہ ریاستی وحکومتی معاملات میں مذہب کا کوئی عمل دخل باقی نہ رہنے دیا جائے۔ یعنی اس نظام میں عوام ریاستی معاملات کو مذہبی حدود وقیود سے آزاد ہو کر اپنی مرضی اور خواہشات کے مطابق چلا سکتے ہیں اور قوانین میں من چاہی تبدیلیاں کر سکتے ہیں۔ اس نظریے کو اصطلاح میں سیکولرازم (Secularism) یالادینیت کہاجاتاہے۔

مذہب واعتقاد، رائے اور شخصی معاملات کی مکمل آزادی: جمہوری معاشرے میں ہر شخص کو مذہب، اظہار رائے اور شخصی معاملات کے حوالے سے آزادی ہوتی ہے، یعنی ہر شخص اپنی مرضی کا دین اور عقیدہ اپنا کر اس پر عمل کر سکتا ہے۔ اور ہر کوئی جو چاہے کہہ سکتا ہے، جو چاہے لکھ سکتا ہے اور جو چاہے نشر کر سکتا ہے، اور کسی کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ کسی دوسرے کی بات پر مذہبی، اخلاقی یا کسی بھی اور حوالے سے کوئی اعتراض کر سکے۔ اسی طرح ہر شخص اپنی ذات سے متعلق معاملات، رہن سہن اور طور طریقوں میں بھی آزاد ہے۔

معاشرے کے تمام افراد کے مابین باہمی مساوات: جمہوری نظام میں تمام افراد کو ایک ہی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور مذہب، جنس، قوم، اخلاق، رویہ، اجتماعی حالت، الغرض کسی بھی حوالے سے انکے مابین کوئی فرق نہیں رکھا جاتا۔

نظام جمہوریت کے نفاذ کے مراحل

جمہوریت کے نظریے کی تطبیق، یعنی اقتدار اعلیٰ عوام کے سپرد کرنے کیلئے ان مراحل سے گزرا جاتا ہے:

دستور سازی: اس مرحلے میں دستور ساز کمیٹی ملک کیلئے دستور کو وضع کرتی ہے اور بعد کے مراحل کی تکمیل پر وجود میں آنے والی پارلیمنٹ اس دستور کیلئے عوام سے موافقت پالینے کے بعد اسکو نافذ کرتی ہے اور مستقبل میں ضرورت کے مطابق اس میں ترمیمیں کرتی ہے۔

یہ نظام چونکہ مغربی ممالک سے مشرقی ممالک میں لایا گیا ہے، اس لیے اس نظام کے علمبردار مغربی ممالک میں رائج دستور کو ہی مشرقی ممالک میں ہر ملک کیلئے درکار بعض ترمیمیں کرنے کے بعد لاگو کیا گیا ہے۔

متعدد گروہوں، یعنی پارٹیوں کی تشکیل: اور گروہوں، یعنی پارٹیوں کی بنیاد علاقائی، قومی، دینی، سیکولر، یعنی کچھ بھی ہو سکتی ہے۔ اور کسی خاص طبقے یا پیشے سے تعلق رکھنے والے لوگ اپنا گروہ بنا سکتے ہیں۔ مثلاً اگر ہم جنس پرستوں کی ایک خاطر خواہ تعداد اکٹھی ہو جائے اور وہ کسی ایک شخص کو اپنا راہنما مان لیں تو وہ شخص دستور میں مذکورہ قواعد وضوابط کے مطابق ایک گروہ بنا سکتا ہے۔

ان گروہوں کا اپنے اندر سے نمائندوں کا انتخاب: جو حکومتی سطح پر اس گروہ کی نمائندگی کریں۔ یعنی جب وہ نمائندہ حکومتی سطح پر بات کرے گا تو وہ اپنے گروہ کے نام سے بات کرے گا۔ ان نمائندوں کی تعداد چونکہ عموماً بہت زیادہ ہوتی ہے، اس لیے ان کی تعداد کو ایک معقول عدد تک پہنچانے کیلئے استصواب رائے یعنی ووٹنگ کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

منتخب شدہ نمائندوں سے پارلیمنٹ کی تشکیل: ووٹنگ کے نتیجے میں منتخب شدہ نمائندوں کو ملا کر پارلیمنٹ تشکیل دی جاتی ہے، جس کی ذمہ داری دستور ساز کمیٹی کے بنائے ہوئے دستور کو نافذ کروانا اور حسب ضرورت اس میں ترمیمیں کرنا ہے۔

اقوام متحدہ میں نمائندگی: عالمی سطح پر جمہوری نظام کے سرپرست ادارے "اقوام متحدہ" کا ہر رکن ملک اپنے بعض نمائندے منتخب کرتا ہے جو اقوام متحدہ میں اس ملک کی نمائندگی کرتے ہیں اور عالمی سطح پر جمہوری نظام میں ہونے والے تغیرات سے اپنے ممالک کو باخبر کرتے ہیں اور اقوام متحدہ سے صادر ہونے والے احکامات کی وصولی اور

اپنے ممالک میں ترسیل کرتے ہیں۔اقوام متحدہ کے ممبر ممالک میں سے پانچ ممالک کو ایک خاص طرح کا اختیار حاصل ہے جس کو "VETO Power" کہا جاتا ہے اور یہ ممالک امریکہ، روس، چین، برطانیہ اور فرانس ہیں۔ یہ ممالک کسی بھی کلیدی حیثیت کے حامل قانون کو مسترد یا اسکی منظوری کو مؤخر کر سکتے ہیں اور ایسی صورت میں وہ قانون نافذ نہیں کیا جا سکتا۔ علاوہ ازیں کسی قانون کے کلیدی حیثیت کا حامل ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ بھی یہی پانچ ممالک کرتے ہیں۔

جمہوریت، شریعت اسلامی کے آئینے میں

اسلام صرف چند مذہبی رسومات وعبادات کے مجموعے کا نام نہیں، بلکہ یہ دین کامل، اور انفرادی واجتماعی سطح پر ہر شعبۂ زندگی میں، ہر دور میں اور ہر انسان کیلئے مکمل ضابطۂ حیات ہے۔اس میں نہ کسی کمی بیشی کی گنجائش ہے اور نہ ہی ضرورت ہے۔ دوسری جانب جمہوریت بھی صرف دنیاوی معاملات کو چلانے کا طریقہ کار نہیں بلکہ یہ اپنی ذات میں ایک مذہب ہے۔ اسلام اور جمہوریت کی آپس میں مثال روشنی اور اندھیرے کی مانند ہے، پس جہاں اسلام کی روشنی موجود ہو وہاں جمہوریت کا اندھیرا نہیں ہوتا۔اب ہم جمہوریت کو چند پہلوؤں سے اسلامی شریعت کے تناظر میں دیکھتے ہیں۔

جمہوریت کی اُساس، اکثریت؛ لیکن اکثریت تو۔۔۔۔: نظام جمہوریت میں کسی قانون کے قابل تنفیذ ہونے یا نہ ہونے کا معیار اسے اکثریت کی حمایت حاصل ہونا یا نہ ہونا ہے۔اس "اکثریت" کی پیروی کرنے کا انجام اللہ رب العزت اس آیت کریمہ میں بیان فرماتے ہیں: "وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ" (الانعام:116) ((اے محمد ﷺ)! اگر آپ زمین میں بسنے والوں کی اکثریت کے کہنے پر چلیں گے تو وہ آپ کو اللہ کی راہ سے بہکا دیں گے۔وہ تو محض گمان کے پیچھے لگے ہوئے ہیں اور صرف قیاس آرائیاں کرتے ہیں)۔اس اکثریت کی پیروی معاذ اللہ اگر رسول اکرم ﷺ بھی کرتے تو یہ انہیں بھی اللہ کے راستے سے منحرف کر دیتی۔اگر یہ معاملہ صراط مستقیم کی طرف بلانے والے نبیٔ آخر الزماں ﷺ کا ہے، تو ایک عام مسلمان کی کیا وقعت ہے اور وہ کیسے اکثریت کی پیروی کے باوجود حق پر کاربند رہ سکتا ہے؟!

پھر اس اکثریت کی شعوری سطح کے بارے میں رب تعالیٰ ہمیں اس آیت میں خبر دیتے ہیں: "أَمْ تَحْسَبُ أَنَّ أَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُونَ أَوْ يَعْقِلُونَ ۚ إِنْ هُمْ إِلَّا كَالْأَنْعَامِ ۖ بَلْ هُمْ أَضَلُّ سَبِيلًا" (الفرقان:44) (کیا آپ کا خیال ہے کہ ان میں سے اکثر لوگ سنتے یا سمجھتے ہیں؟ وہ تو مویشیوں کے مانند ہیں بلکہ وہ راستے کے اعتبار سے زیادہ گمراہ ہیں)، اور: "وَلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُونَ" (الانعام:111) (اور لیکن ان میں سے اکثر جہالت برتتے ہیں)۔

جمہوری نظام کی خوبصورتی کا ایک نمایاں پہلو یہ بھی ہے کہ اس میں اگر بالفرض کسی قانون کی حمایت اور مخالفت میں ووٹ برابر ہو جائیں، اور پھر کوئی گمراہ، عقل کا اندھا، جاہل، شرمگاہ کی علامت "لنگم" کا پجاری اور تَعَدُّدُ أَزْوَاجٍ (ایک سے زیادہ مردوں کا ایک عورت سے شادی کرنا) کا حصہ بننے والا مشرک ہندو، ہم جنس پرست، یا مغضوب علیہم میں سے کوئی یہودی، یا ضالین میں سے کوئی عیسائی، یا حتیٰ کہ کوئی بھنگی چرسی بھی اچانک سے اس قانون کی حمایت میں ووٹ ڈال دے تو ترازو کا پلڑا اکثریت کی جانب جھک جائے گا اور وہ قانون منظور کر لیا جائے گا، اس سے قطع نظر کہ اس قانون کے منظور کرنے والے کون ہیں اور وہ قانون خود کیسا ہے۔ واہ! اس اکثریت پرست اندھے کفری شیطانی نظام کے کیا کہنے!

اور تو اور، اس نظریۂ اکثریت پرستی کے سب سے بڑے دشمن خود اس نظام کے سرپرست ہیں، اور پانچ ممالک کیلئے VETO Power کا حق محفوظ کرکے انہوں نے جمہوریت کو آمریت اور غیر جمہوریت بنا دیا ہے۔ یہ کیسی اکثریت کی حکمرانی ہے کہ اقوام متحدہ میں شامل 188 ممالک کے 5.2 ارب انسانوں پر 5 ممالک کے 2 ارب انسان بزور قوت حکومت جمائے بیٹھے ہیں؟! موسیٰ علیہ السلام کے دور کے فرعون نے بھی اپنے اقتدار کو برقرار رکھنے اور دین حق کو پنپنے سے روکنے کیلئے اپنی قوم کو بیوقوف بنایا اور اسکے عوام نے بھی اس کی پیروی کی، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: "فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهُ فَأَطَاعُوهُ ۚ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا فَاسِقِينَ" (الزخرف:54) (اس طرح اس (فرعون) نے اپنی قوم کو الو بنا لیا تو وہ اس کی بات مان گئے، وہ تو تھے ہی فاسق لوگ)۔ بالکل اسی طرح دور حاضر کے فرعون یعنی VETO Power کے

حامل ممالک اپنی عوام کو پاگل بناتے ہیں اور انہیں لالچ دیتے ہیں کہ آؤ جمہوریت کا جھانسا دے کر باقی دنیا پر اپنے فرعونی استبدادی نظام کے پنجے گاڑے رکھیں اور انکے وسائل لوٹتے رہیں۔

پھر اس کفری طاغوتی نظام کی بدمعاشی کا یہ عالم ہے کہ اگر کوئی طاغوت حکمران کوئی ایسا قدم اٹھالے جس سے جمہوریت کے علمبردار ممالک کے مفادات پر ضرب پڑتی ہو، تو یہ ممالک اپنے ہی اصولوں کو اپنے پیروں تلے روندتے ہوئے اس حکمران کا پتہ صاف کر دیتے ہیں اور کسی اکثریت یا آزادی وغیرہ کی پروا نہیں کرتے۔ اس کی واضح ترین مثال طاغوت صدام حسین ہے، جو 100 فیصد ووٹ حاصل کر کے صدر منتخب ہوا تھا، لیکن اس کے باوجود امریکہ نے عراق پر عسکری حملہ کر کے 100 فیصد کی اکثریت کے ساتھ منتخب ہونے والے اس طاغوت کی حکومت کو گرادیا کیونکہ اس نے بعض معاملات میں مغرب کے اشاروں پر ناچنے سے انکار کرتے ہوئے دنیا پر انکی تھوپی ہوئی جمہوریت کو نہیں اپنایا تھا۔ یہی معاملہ مصر کے طاغوت محمد مرسی اور اس جیسے دوسروں کا بھی ہوا، حالانکہ مرسی بھی عوام کی اکثریت کی حمایت سے ہی منتخب ہوا تھا۔ صدام، مرسی اور ان جیسے کئی اور مرتدین نے کفری جمہوریت کو ہی نافذ کیا تھا، لیکن مسئلہ بس یہ تھا کہ انکی جمہوریت سے جمہوریت کے خود ساختہ ٹھیکیداروں، یعنی ویٹو پاور کے حامل ممالک کے مفادات پر ضرب پڑتی تھی۔ ان ویٹو پاور کے حامل ممالک کی تھوپی ہوئی جمہوریت کو جو ملک مکمل طور پر اپنانے سے انکار کر دے اس پر وہ B52, AC130, F22, A10 طیاروں اور اپاچی ہیلی کاپٹروں وغیرہ کو قاصد بنا کر بھیج دیتے ہیں جو اس ملک کے ہر خاص وعام کو Hellfire, AGM-65K Maverick میزائلوں اور ڈیزی کٹر بموں وغیرہ میں رکھ کر یہ پیغام ارسال کرتے ہیں کہ اگر وہ انکی بیڑیوں میں جکڑی ہوئی کفریہ آزادی اور جمہوریت کو نہیں اپنائیں گے تو یہ پیغامات ارسال کیے جاتے رہیں گے یہاں تک کہ ان پیغامات کو وصول کرنے والا کوئی نہیں بچے گا۔ یہ کیسی اکثریت کی حکومت ہے اور یہ کہاں کی آزادی ہے؟!

اقتدارِ اعلیٰ کا مالک: نظام جمہوریت کی رو سے ریاست میں طاقت کا سرچشمہ اور اقتدارِ اعلیٰ کی مالک خود اس ریاست کی عوام ہے۔ اقتدارِ اعلیٰ یعنی جس سے اوپر اور کوئی طاقت اور سلطہ نہیں، یعنی عوام کی اکثریت جو بھی قانون منظور کر دے اسے نافذ کیا جائے گا اور اس پر عمل درآمد کروایا جائے گا۔

اس کے برعکس اسلام میں قانون سازی اور شریعت وضع کرنے کا حق بغیر کسی شریک کے صرف اللہ تعالیٰ کو حاصل ہے۔ فرمان باری تعالیٰ ہے: "إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ" (یوسف:40) (اللہ کے سوا کسی کی حکومت نہیں ہے)، اور: "وَلَا يُشْرِكُ فِي حُكْمِهِ أَحَدًا" (الکھف:26) (اور وہ اپنی حکومت میں کسی کو شریک نہیں کرتا)۔ اور ظاہر سی بات ہے کہ تمام مخلوقات کا خالق اللہ تعالیٰ ہے، اسلئے ان میں حکم بھی اُسی کا چلے گا، پس فرمان باری تعالیٰ ہے: "اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ" (الأعراف:54) (خبردار! پیدا فرمانا اور حکم دینا اللہ ہی کے لیے خاص ہے)۔

ان آیات کریمہ سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ دنیا میں حکم اور قانون سازی کا اختیار رب تعالیٰ نے اپنی ذات گرامی کے ساتھ مختص فرمایا ہے اور اس میں اسکا کوئی شریک نہیں۔ جبکہ جمہوریت میں حکمران اور قانون ساز اداروں کے اراکین رب تعالیٰ کے اس اختیار میں اسکی برابری کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور یوں وہ خود کو اللہ عزّوجل کا شریک بنا لیتے ہیں۔ وہ افراد جو انتخابات کے قیام میں مدد و معاونت کرتے ہیں تو وہ اس عمل کے اور اسکے پیچھے کار فرما افراد کے حمایتی شمار ہوں گے، انکا حکم وہی ہے جو اس عمل کی طرف بلانے والوں اور اس کا پرچار کرنے والوں کا ہے۔ اور انتخابات کے امیدواران ربوبیت والوہیت کے دعویدار ہیں اور ان کو منتخب کرنے والوں نے ان کو اللہ کے علاوہ اپنا رب اور اس کا شریک ٹھہرالیا ہے، لہذا اللہ کے دین میں ان کا حکم کفر کا اور اسلام سے خروج کا ہے۔

شریعت الٰہی کے نفاذ کا حکم: پھر رب تعالیٰ نے اپنے تمام انبیاء علیہم السلام کو اور محمد رسول اللہ ﷺ کو بھی یہی حکم فرمایا کہ وہ اللہ عزّوجل کی وضع کردہ شریعت کو قائم کریں اور اسی کے مطابق فیصلے کریں۔ فرمان باری تعالیٰ ہے: "شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ" (الشوریٰ:13) (اس نے تمہارے لئے وہی دین مقرر کیا ہے جس کا حکم اس نے نوح کو دیا تھا، اور جو ہم نے آپ کو بذریعہ وحی دیا ہے، اور جس کا حکم ہم نے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو دیا تھا، اور سب سے کہا تھا کہ تم دین کو قائم کرو، اور اس میں اختلاف پیدا نہ کرو)۔ اور فرمایا: "وَاَنِ

احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ"(المائدة:49) (آپ ان کے معاملات میں اللہ کی نازل کردہ وحی کے مطابق ہی حکم کیا کریں، اور ان کی خواہشوں کی پیروی نہ کیجئے اور ان سے ہوشیار رہیے کہ کہیں یہ آپ کو اللہ کے اتارے ہوئے کسی حکم سے اِدھر اُدھر نہ کردیں)۔ جبکہ نظام جمہوریت میں احکام الٰہی کی کھلی خلاف ورزی کرتے ہوئے انسانوں کی نفسانی خواہشات کے مطابق بنائے ہوئے کفریہ قوانین نافذ کیے جاتے ہیں۔

دین اللہ کی جگہ کچھ اور نافذ کرنے والا حاکم: اللہ کے حکم کو بدلنے، اسے معطل کرنے یا اسکی جگہ کچھ اور نافذ کرنے والا حاکم طاغوت ہے۔ چنانچہ فرمان باری تعالیٰ ہے: "اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ" (الشوری:21) (کیا ان لوگوں کے ایسے شریک ہیں جنھوں نے ان کے لئے دین کا ایسا طریقہ مقرر کیا ہے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی؟)۔ اور: "وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ" (المائدة:44) (اور جو لوگ اللہ کے نازل کردہ احکام کے مطابق فیصلہ نہ کریں وہی کافر ہیں)۔ ایک اور آیت میں اس سے بھی واضح انداز میں ایسے لوگوں کا حکم بیان کیا گیا ہے، چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: "اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ۭ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا" (النساء:60) (کیا آپ نے ان لوگوں کے حال پر غور کیا جو دعویٰ تو یہ کرتے ہیں کہ جو کچھ آپ کی طرف نازل کیا گیا ہے، اس پر بھی ایمان لائے ہیں اور اس پر بھی جو آپ سے پہلے اتارا گیا تھا، مگر وہ چاہتے یہ ہیں کہ اپنا مقدمہ طاغوت کے پاس لے جائیں حالانکہ انہیں حکم یہ دیا گیا تھا کہ وہ طاغوت کے فیصلے تسلیم نہ کریں اور شیطان تو یہ چاہتا ہے کہ انہیں گمراہ کر کے بہت دور تک لے جائے)۔ اسی لیے شیخ محمد بن عبد الوہاب رحمہ اللہ نے ان طواغیت کو اپنے رسالے میں ذکر کردہ طواغیت کے سرغنوں میں شامل کیا ہے۔

ابن القیم رحمہ اللہ کا قول ہے: "ہر وہ معبود یا متبوع (جس کی اتباع کی جائے) یا مطاع (جس کی اطاعت کی جائے) جس کی عبادت، اتباع یا اطاعت میں لوگ حد سے تجاوز کر جائیں، طاغوت کہلاتا ہے۔ پس کسی قوم کے لوگ اللہ اور اسکے رسول ﷺ کو چھوڑ کر جس کی طرف اپنے فیصلے کروانے کیلئے جائیں یا اللہ کے سوا اسکی عبادت کریں یا اللہ کی جانب سے عطا کردہ بصیرت کے بغیر اس کی اتباع کریں یا کسی ایسے کام میں اسکی اطاعت کریں جس کے بارے میں وہ جانتے ہیں کہ یہ اللہ کی اطاعت نہیں (یعنی کسی ایسے امر میں اسکی اطاعت کریں جس کو سرانجام دینے سے اللہ کی معصیت کا ارتکاب ہوتا ہو) تو وہ اس قوم کا طاغوت ہے"(اعلام الموقّعین)۔ اور امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کا قول ہے: "اور اللہ کی معصیت میں جس کی اطاعت کی جائے وہ بھی طاغوت ہے۔ اسی لیے کتاب اللہ سے ہٹ کر جس سے فیصلہ کروایا جائے وہ بھی طاغوت ہے۔ اور فرعون اور عاد کو طاغوت کا نام دیا گیا"(مجموع الفتاویٰ)۔

وہ تمام حکام، بادشاہ اور امراء و وزراء، مجلس قانون ساز (پارلیمنٹ) میں بیٹھے اراکین (چاہے وہ جواہر لال نہرو ہو یا مرتد ابُو الکلام آزاد، نرندر مودی ہو یا مرتد اسد الدین اویسی)، سپریم کورٹ، ہائی کورٹ اور دیگر عدالتوں اور کمیٹیوں کے قاضی، اور ان سب کی سرپرست اقوام متحدہ کی تنظیموں، سلامتی کونسل کے اراکین اور عالمی عدالت انصاف وغیرہ کے قاضی، جو شرعی احکام کو بدلتے ہیں، انہیں معطل کرتے ہیں اور انکی جگہ انسان کے بنائے ہوئے قوانین، رائج شدہ معاشرتی اقدار یا قبائلی رسوم و رواج کو نافذ کرتے ہیں، وہ سب طواغیت کی فہرست میں شامل ہیں۔

غیر اللہ سے فیصلے کروانے والوں کا حکم: شریعت اسلامی کی بجائے کفریہ قوانین وضع کرنے والوں اور انہیں نافذ کرنے والوں کا حکم اوپر بیان کیا گیا ہے۔ ان طاغوتی کفریہ قوانین سے فیصلے کروانے والوں کے ایمان کی اللہ سبحٰنہ وتعالیٰ نے نفی کی ہے، چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: "فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰي يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا"(النساء:65) ((اے محمد ﷺ!) آپ کے پروردگار کی قسم! یہ لوگ اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے جب تک کہ اپنے اختلاف میں آپ کو حَکَم (فیصلہ کرنے والا) تسلیم نہ کرلیں، پھر آپ جو فیصلہ کریں اس کے متعلق اپنے دلوں میں گھٹن بھی محسوس نہ کریں اور اس فیصلہ پر پوری طرح سر تسلیم خم کر دیں)۔ پھر ایک آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ ان لوگون کا اصل مرض مفاد پرستی ہے، اور انکے بیمار اور شکوک و شبہات میں پڑے ہوئے دل اللہ اور اسکے رسول ﷺ کے منصف ہونے پر یقین نہیں رکھتے، پس فرمان باری تعالیٰ ہے: "وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ

بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ * وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ * اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ۭ بَلْ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ *"(النور:48-50) (اور جب انہیں اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے، تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کردے تو ان میں ایک گروہ منہ موڑ کر چل دیتا ہے *اور حق ان کی موافقت میں ہو تو بڑے مطیع و منقاء ہو کر چلے آتے ہیں *کیا ان کے دلوں میں بیماری ہے؟ یا یہ شک و شبہ میں پڑے ہوئے ہیں؟ یا انھیں اس بات کا ڈر ہے کہ اللہ تعالی اور اس کا رسول کہیں ان کی حق تلفی نہ کریں؟ بات یہ ہے کہ یہ لوگ خود ہی بڑے ظالم ہیں)۔انہی اَسباب کی بناء پر اور یقین کی دولت سے محروم ہونے کے سبب وہ جاہلی احکام کی جانب دوڑے جاتے ہیں۔"اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ۭوَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ" (المائدۃ:50)(کیا یہ لوگ جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں؟یقین رکھنے والے لوگوں کے لیے اللہ تعالی سے بہتر فیصلے اور حکم کرنے والا کون ہو سکتا ہے؟)۔

باہمی مساوات؛ کیا بینا اور نابینا دونوں برابر ہیں؟!: نظام جمہوریت کے تحت معاشرے کے افراد کے مابین مذہب کے لحاظ سے کوئی تفریق نہیں کی جاتی، یعنی بالفاظ دیگر اس نظام میں افراد کو تولا نہیں جاتا بلکہ گنا جاتا ہے۔پس جمہوریت کی نگاہ میں ایک موحد کی رائے کا بھی اتنا ہی وزن ہے جتنا کہ مشرک کی رائے کا؛ زمین و آسمان کے رب کا عبادت گزار، بتوں کا پجاری، ہر مفید و مضر شے کے آگے سجدہ ریز ہو جانے والا، اللہ کے نبی کو اسکا بیٹا قرار دینے والا، جمہوریت میں سب برابر ہیں۔لیکن حقیقت اسکے عین برعکس ہے، اور لوگ نہ صرف دین بلکہ بصیرت، اعمال اور انجام کار کے حوالے سے بھی مختلف ہیں۔ جیسا کہ فرمان باری تعالی ہے: "قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۭاَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ"(الانعام:50) (آپ ان سے پوچھئے: کیا نابینا اور بینا برابر ہو سکتے ہیں؟ پھر تم لوگ کیوں نہیں سوچتے؟)۔ایک اور آیت میں رب تعالی نے ہر اچھے برے پر ایک ہی حکم لگا دینے والوں کو جھنجھوڑتے ہوئے فرمایا: " اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ *مَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ*"(القلم:35-36) (تو کیا ہم فرماں برداروں کو جرم کرنے والوں کی طرح کر دیں گے؟* تمہیں کیا ہو گیا ہے، کیسے فیصلے کر رہے ہو؟)۔لیکن جمہوریت کا فیصلہ تو یہی ہے کہ ہر اچھا برا، اللہ کا دوست اور دشمن، معاشرے کا خیر خواہ مصلح اور مفسد ناسور، سب کی رائے کا ایک ہی وزن ہے۔ جن کے بارے میں جنتوں کا فیصلہ ہے اور جنہیں ہمیشہ کیلئے جہنم کا ایندھن بننا ہے، جمہوریت کی نگاہ میں وہ سب ایک ہی سطح پر کھڑے ہیں، حالانکہ "لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ" (الحشر:20)(اہل دوزخ اور اہل جنت کبھی برابر نہیں ہو سکتے)۔

آزادی تو ہے، مگر باطل کیلئے: نظام جمہوریت کے علمبردار مذہب، رائے اور شخصی معاملات کی جس آزادی، بلکہ مادر پدر آزادی کے دعوے کرتے ہیں، تو حقیقت یہ ہے کہ اس آزادی کا اسلام میں کوئی وجود ہی نہیں، بلکہ اس کے برعکس تمام مخلوقات اور خصوصا انسان اور جن اللہ تعالی کے غلام ہیں جن کیلئے اپنے آقا کے بنائے ہوئے قوانین اور اوامر پر چلنا فرض ہے۔رب کائنات کا فرمان ہے:"وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ"(الذاریات:56) (اور میں نے جنوں اور انسانوں کو صرف اس لئے پیدا کیا ہے کہ وہ میری عبادت کریں)۔ پھر دین کو چننے کی بھی کوئی آزادی نہیں اور اللہ تعالی کے ہاں صرف اسلام ہی قابل قبول دین ہے۔ارشاد باری تعالی ہے: "وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ"(آل عمران:85) (اور جو شخص اسلام کے سوا کوئی اور دین چاہے تو اس سے ہرگز قبول نہ کیا جائے گا اور وہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں ہوگا)۔ جن لوگوں کو انکی جان، مال اور عزتوں کی امان دی جاتی ہے تو وہ بھی ان پر اسلام کے لاگو کردہ جزیہ اور دیگر شرائط کو پورا کرنے کی صورت میں دی جاتی ہے، یعنی اس صورت میں بھی غلبہ دین اسلام ہی کیلئے ہے۔

دوسری جانب جمہوریت والوں کو بھی کسی کے کلمۂ شہادت زبان سے ادا کر دینے اور نماز، روزہ، زکاۃ اور حج کی ادائیگی سے کوئی خاص سروکار نہیں کیونکہ ان عبادات کی ادائیگی سے انکے مفادات پر ضرب نہیں پڑتی، لیکن جیسے ہی کوئی جہاد اور نفاذ شریعت کی بات کرتا ہے، امر بالمعروف و نہی عن المنکر پر کماحقہ کاربند ہوتا ہے، اور طاغوتی نظام کے خلاف آواز بلند کرتا ہے تو جمہوریت کے سرپرست ہر طرح کے اسلحے سے لیس ہو کر اس پر چڑھائی کر دیتے ہیں، کیونکہ ان کی نظر میں کفر و شرک، سود، بے حیائی، لوٹ مار، ظلم و جبر کیلئے تو کھلی چھٹی ہے، لیکن دین حق کی تطبیق انہیں قطعا منظور نہیں۔ اسی لیے دنیا بھر میں جو علاقے نظام جمہوریت کے زیر اثر ہیں وہاں سیکولرازم یعنی لادینیت کی اور دہریت کی ہر طریقے سے اور ہر سطح پر پشت پناہی کی جا رہی ہے۔

اور آزادئ رائے کی بات کریں تو معاملہ یہ ہے کہ جب باطل مذاہب کے پیروکاروں کے سامنے انکے معبودوں اور مقتدر ہستیوں کی گستاخی کی جائے تو وہ بھی ایسے شخص کو سنگسار کرنے اور جلا دینے وغیرہ پر تلے ہوئے نظر آتے ہیں (جیسا کہ ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں فیصلہ کیا گیا کہ انہیں جلا دیا جائے)؛ پھر دین حق کے پیروکاروں کا ایسے اشخاص اور ایسی آزادی کے بارے میں کیا موقف ہوگا؟ ایک موقع پر بعض افراد نے صحابہ ٔ رسول ﷺ کے بارے میں ازراہ مذاق بعض طنزیہ کلمات کہہ دیے، تو اس پر رب تعالیٰ کا فیصلہ اس آیت میں نازل ہوا کہ: "وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ۭ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُ وْنَ* لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ "(التوبة:65-66) (اور اگر آپ ان سے پوچھیں تو کہہ دیں گے کہ ہم تو صرف مذاق اور دل لگی کر رہے تھے۔ آپ ان سے کہئے کہ کیا تمہاری ہنسی اور دل لگی، اللہ، اس کی آیات اور اس کے رسول کے ساتھ ہی ہوتی ہے؟* بہانے نہ بناؤ، تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو چکے ہو)۔ لیکن حقیقت حال تو یہ ہے کہ یہ آزادئ رائے صرف مستشرقین، گستاخان رسول ﷺ، اور ان جیسے دیگر اسلام دشمنوں کو ہی حاصل ہے۔ اسی آزادئ رائے کی آڑ لے کر مرتد سلمان رشدی لعنۃ اللہ علیہ، رحمۃ للعالمین ﷺ کی ذات گرامی کی شان میں گستاخیوں کا ارتکاب کرتا ہے اور پھر اسکے پیشوا برطانوی صلیبی اسے پناہ دیتے ہیں۔ اسی گمراہ کن آزادی کو ڈھال بنا کر مرتدہ تسلیمہ نسرین لعنۃ اللہ علیہا دین حنیف کے خلاف زبان درازیاں کرتی ہے اور اس پر جمہوریت کے سرپرست مغربی ممالک اسے شہریت، انعام واکرام اور تمغوں سے نوازتے ہیں۔ اسی آزادی کا ڈھونگ رچا کر مغربی صلیبی ممالک رسول اکرم ﷺ کی گستاخی میں بنائے گئے کارٹونز کو اپنے اخبارات میں بارہا شائع کرتے ہیں۔ اسی پلید آزادی کا نام لے کر اسلام دشمن ممالک کا میڈیا اسلام کے خلاف جنگ برپا کیے ہوئے ہے۔ لیکن دوسری جانب اگر کوئی شخص طاغوتی نظام کے خلاف اظہار رائے کر دے تو اس جانبدار جمہوریت کے علمبرداروں کے ہاں اس شخص کیلئے آزادئ رائے اس طرح غائب ہو جاتی ہے جس طرح گدھے کے سر سے سینگ غائب ہوتے ہیں۔ پس کفری جمہوریت کے ان پاسبانوں کی دی گئی نام نہاد آزادی کا مطلب اللہ عزّوجل کی غلامی سے نکل کر انکی غلامی میں آجانا ہے۔

نام نہاد "اسلامی مملکت" کے حکمران خود مرتدین!!!: نظام جمہوریت میں اسلام کے جھوٹے دعویدار ایک انتخابی امیدوار کو ارتداد کے بعض ابواب سے گزرنا ہوتا ہے، جن میں سے صرف ایک باب سے اسکا گزر جانا ہی اسکو ملت اسلامیہ سے خارج کر دینے اور مرتد بنا دینے کیلئے کافی ہے۔ ان ابواب میں سے بعض درج ذیل ہیں:

- خود ساختہ کفری دستور اور اس پر عمل کا اقرار کرنا
- حکومت میں کافر گروہوں کے موجود ہونے کے جواز کا اقرار کرنا
- دستوری حلف اٹھانا (یعنی اللہ سے کفر کرنے پر اللہ ہی کی قسم اٹھانا)
- اپنے دور حکومت میں کفری قوانین کی تطبیق کرنا
- نئے کفری قوانین وضع کرنا
- مسلمانوں اور خصوصا مجاہدین کو "دہشت گرد" کا عنوان دے کر کفار کا ساتھ دیتے ہوئے ان کے خلاف جنگ برپا کرنا
- جن معاملات میں طرفین مسئلہ حل کرنے سے عاجز ہوں انہیں اقوام متحدہ میں فیصلے کیلئے پیش کرنا

یہ وہ افعال ہیں جن میں سے ایک بھی فعل کا ارتکاب کرنے سے نماز روزے کا پابند، حافظ قرآن، زکاۃ و صدقات نکالنے والا پکا ٹھکا حاجی بھی مرتد بن جاتا ہے اور ان میں سے بعض افعال کا ارتکاب تو اسے طاغوت بنا دیتا ہے؛ تو نام نہاد "اسلامی جمہوریہ" پاکستان اور "اسلامی جمہوریہ" ایران (جو کہ فی الحقیقت مرتد رافضیوں کا گڑھ "مرتد جمہوریہ" ایران ہے) کی پارلیمینٹس کے اراکین کا حال تو یہ ہے کہ ان میں سے اکثر کے پلے دکھاوے کی عبادات بھی نہیں، اور اگر کسی کے پلے ہوں بھی تو اس صورت میں بھی اسکے اعمال کی کوئی قیمت نہیں کیونکہ اس کے اعمال نے تو دنیا و آخرت میں اکارت ہی جانا ہے (وَمَن يَرْتَدِدْ مِنكُمْ عَن دِينِهِ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَأُولَٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ)(البقرة:217) (اور تم میں سے جو کوئی اپنے دین سے مرتد ہو جائے گا، اور پھر حالت کفر میں ہی مر جائے گا، تو اس کے اعمال دنیا و آخرت میں ضائع ہو جائیں گے، اور وہ لوگ جہنمی ہوں گے، اسی میں ہمیشہ رہیں گے)۔

جمہوریت سے متعلق اسکے حمایتیوں کے پھیلائے ہوئے شبہات

بعض دفعہ ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ گمراہ، بصیرت سے محروم اور مغرب سے مرعوب زدہ لوگ اسلام میں اپنے تیئں جدت لانے اور اسے نام نہاد "دور جدید کے تقاضوں" سے ہم آہنگ قرار دینے کی غرض سے یا تو جمہوریت کو درست نظام سمجھ کر اپنانے اور نافذ کرنے کیلئے اپنی جانیں کھپاتے ہیں، یا اس کی دین اسلام کے ساتھ مطابقت قائم کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہیں، اور یا اسے اپنانے کو مجبوری قرار دینے کا ڈھونگ رچاتے ہیں۔ آیئے انکے پھیلائے ہوئے بعض شبہات اور انکے علمی محاکمہ پر نظر ڈالتے ہیں۔

جمہوریت کو شوریٰ کا بدل قرار دینا: جمہوریت کے بعض حمایتی یہ بے بنیاد حجت پیش کرتے ہیں کہ جمہوریت کا تصور تو اسلام میں بھی شوریٰ کے نام سے موجود ہے، کیونکہ جمہوریت میں بھی استصواب رائے ہوتا ہے اور شوریٰ میں بھی۔ یہ بات وہی شخص کر سکتا ہے جس کی سیاہ کاریوں کے سبب رب تعالی نے اس سے نور بصیرت چھین لیا ہو۔ فی الحقیقت جمہوریت کا شوریٰ کے ساتھ دور پار کا بھی واسطہ نہیں۔ان دونوں نظاموں میں متعدد پہلوؤں سے فرق ہے جن میں سے بعض یہ ہیں:

- شوریٰ کا تصور اسلامی ہے، جبکہ جمہوریت کا تصور کفری، یونانی اور مغربی ہے۔
- جمہوریت کیلئے قرآن وحدیث میں کوئی نص موجود نہیں، جبکہ شوریٰ کیلئے نصوص موجود ہیں۔
- ان امور میں شوریٰ کا کوئی تصور نہیں جن میں قرآن وحدیث میں سے قطعی نص موجود ہو اور جن کا فرض، واجب، یا حرام ہونا واضح ہو؛ لیکن جمہوریت میں کسی بھی چیز پر ووٹنگ ہو سکتی ہے بلکہ اگر کسی چیز کے حق میں اکثریت ووٹ دے دے تو اسے جائز اور اسکے خلاف ووٹ دے دے تو اسے ناجائز قرار دے دیا جاتا ہے۔ یہ بات بھی واضح رہے کہ اگر کسی حلال کو حلال قرار دینے یا حرام کو حرام قرار دینے پر بھی ووٹنگ کی جائے تو یہ بھی ارتداد ہے، کیونکہ حلال وحرام کی تعیین کا حق صرف اللہ عزّوجل کو حاصل ہے۔ فرمان باری تعالیٰ ہے: "وَلَا تَقُولُوا لِمَا تَصِفُ أَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هَٰذَا حَلَالٌ وَهَٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوا عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ" (النحل:116) (کسی چیز کو اپنی زبان سے جھوٹ موٹ نہ کہہ دیا کرو کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے کہ اللہ پر جھوٹ بہتان باندھ لو)۔ اور بالفرض اگر اکثریت حلال کو حلال قرار دینے کے خلاف ووٹ دے دے تو اسے حلال قرار نہیں دیا جائے گا جو کہ ارتداد کا موجب ہے۔
- شوریٰ صرف مسلمانوں سے کی جاتی ہے جبکہ جمہوریت میں ووٹنگ کے عمل کے تحت مشرک، کافر، مرتد، بقر (گائے) کا پجاری، قبر کا پجاری، الغرض کوئی بھی شریک ہو سکتا ہے۔
